© rasailojaraid.com



# زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

☆ہم انتقامی کارروائیوں کا خاتمہ چاہتی ہیں۔(بے نظیر)

ہم لوٹا ہوا مال ڈکارنا چاہتے ہیں۔

☆ملاں کو خدا حافظ کہنے کی ضرورت ہے۔(نجم سیٹھی)

تم چونکہ چنانچہ کی پہچان ہو　　گنہگار راتوں کا دیوان ہو

☆اسامہ اور طالبان عورت کی حکمرانی کے خلاف ہیں۔(بے نظیر)

اسامہ اور طالبان کی کیا حیثیت ہے! اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم عورت کی حکمرانی کے خلاف ہیں۔

☆میں نے کسی کی کھوتی چرائی ہے۔(امجد حمید دستی، حکومتی رکن اسمبلی)

گریجویٹ اسمبلی کی مہذب گفتگو کا نمونہ

☆چاہتا ہے ہر انسان، روٹی کپڑا اور مکان (بے نظیر کا نعرہ)

چاہتا ہے ہر زردار　　سرے محل اور قیمتی ہار

☆میں غریبوں کے لیے پاکستان آئی ہوں (بے نظیر)

صرف ڈیڑھ سو غریبوں کی جان لی ہے۔

☆سانحۂ کراچی کی تحقیقات سے قوم کو آگاہ کیا جائے گا۔(وزیر اعظم شوکت عزیز)

دیتے ہیں دھوکہ یہ بازی گر کھلا

☆حکومت نے جسٹس بھگوان داس کا پنشن کیس روک لیا۔(ایک خبر)

پیالے میں زہر ہی نہیں تھا ورنہ
سقراط کب کا مر گیا ہوتا

☆اسامہ پاکستان میں ہوئے تو امریکہ کو کارروائی کا اختیار دیا جا سکتا ہے۔(بے نظیر)

خدا وہ دن نہ دکھائے　　کہ تجھے اقتدار کی بو آئے

☆امریکی پرچم اٹھانے والوں پر حملے ہو سکتے ہیں۔(شیخ رشید

شیخ جی! آپ نے کس کا پرچم اٹھایا ہوا ہے؟

☆ایران نے یورینیم کی افزودگی جاری رکھی تو سنگین نتائج بھگتنا ہوں گے۔(امریکہ)

منہ توڑ جواب دیں گے۔(ایران)



© rasailojaraid.com